۳ پائی یا ۲ دھیلہ	=	ایک ڈبل پیسہ یا پاؤ آنہ
۴ پیسہ یا ۱۲ پائی	=	ایک آنہ
۱۶ آنہ	=	ایک روپیہ
۱۵ یا ۲۰ روپیہ	=	ایک مُہر
دھیلہ	=	۱/۲ پائی
ادھنّا	=	۲ پیسہ
دوانی	=	۲ آنہ
چونی یا پاولی	=	۴ آنہ

مصری پونڈ انگریزی پونڈ کے ۱۵ روپیہ سے بقدر ۶ آنہ بڑا ہوتا ہے۔

ایک پونڈ ٹرائی = ۵۷۶۰ گرین یا ۲۰۰ تولہ کے۔ ایک پونڈ واٹرڈوپاسٹر = ۷۰۰۰ گرین یا ۵/۹ ۵۳ پونڈ کے۔

اوزان عرب

۷ تولہ کا	۱ من شرعی
۵۶ تولہ کا	۱ من طبی
۷۵ تولہ کا	۱ من مکی
۴۴ تولہ کا	۱ من مصری
۴۲ تولہ کا	۱ من سکندری
۴۰ تولہ کا	۱ من قطری
۷ تولہ کا	۱ من تبریزی

۵ شعیر کا	۱ قیراط
۲۰ قیراط کا	۱ مثقال
۴ مثقال کا	۱ استار
۴۰ استار کا	۱ رطل
۲ رطل کا	۱ من

(شعیر جو کی برابر ہوتا ہے ۵ رطل کا ایک صاع حجازی ہوتا ہے)

وزن سابق ہندوستان

۷ تولہ کا	۱ سیر شاہجہانپوری
۷۷ تولہ کا	۱ سیر عالمگیری
۸ تولہ کا	۱ سیر خراسانی
۷۵ تولہ کا	۱ سیر کابلی
۶۲ تولہ کا	۱ سیر جہانگیری
۶۴ تولہ کا	۱ سیر اکبری
۱۰۰ تولہ کا	۱ سیر مرادآبادی

وزن عہد علاءالدین خلجی

۱ من کا	۱۲ سیر انگریزی
۱ سیر کا	۲۴ تولہ
۳ سیر کا	[illegible] مار
۵ سیر کا	۱۰ مار

اوزان مختلف

۱ قیراط	=	۴ جو
۱ سیر	=	۲۰۰ ٹانک
۲۴ ماشہ	=	۱ ٹانک

ہاف کرون	=	ا روپیہ ۴ آنہ
کرون	=	۲ روپیہ ۸ آنہ
شلنگ	=	۴ آنہ
مارک	=	۶ روپیہ ۱۰ آنہ

سونے کے سکے

ہاف سورن	=	۵ روپیہ
ا سورن یا پونڈ	=	۱۰ روپیہ
ہاف گنی	=	۵ روپیہ ۴ آنہ
گنی	=	۱۰ روپیہ ۸ آنہ
موئڈر	=	۱۳ روپیہ ۸ آنہ

فرانس عشری سکے

۲۰ ملس	کا	ا سینٹ
۱۰ سینٹ	کا	ا فلورن
۱۰ فلورن	کا	ا پونڈ یا سورن

سکۂ عہد علاء الدین خلجی

½۷ جیتل	=	۰۲ آنہ انگریزی
½۴ جیتل	=	۱ آنہ چار پائی
۵ جیتل	=	۱ آنہ ۸ پائی۔
۳ جیتل	=	۱ آنہ
۲ جیتل	=	۸ پائی
نصف جیتل	=	۲ پائی
ایک جیتل	=	۴ پائی

ایران کے سکے

ملک ایران یا فارس یا عجم کا قدیمی اور مشہور سکہ قران ہے پہلے اسکا وزن ۲۸ نخود تھا مگر ناصر الدین شاہ مرحوم نے ۲۴ نخود رکھا۔

سونے کے سکے ¼ تومان ½ تومان ۱ تومان ۲ تومان ۵ تومان ۱۰ تومان جسکو دیگر ممالک مین مُہر یا اشرفی کہتے مین

ایک تومان دس قران کا ہوتا ہے۔

ایک قران ایک ہزار دینار کی برابر سمجھا جاتا ہے اور ایک شاہی برابر پچاس دینار کے۔

اٹھنی یا دھیلی ۸ آنہ

دیائی - دھیلہ - پیسہ تانبا ہے - دوانی - چوانی اٹھنی روپیہ چاندی اور اشرفی سونا ہے)

روپیہ کی تقسیم

۴ کوڑی کا	ایک گنڈہ
۲ گنڈے کی	۱ ادھی
۲ ادھی کی	۱ دمڑی
۲ دمڑی کا	۱ دھیلا
۲ دھیلے یا ۶۴ کوڑی کا	ایک پیسہ
۲ پیسے کا	ایک ٹکہ یا ادھنا
۲ ٹکے یا ۲ ادھنونکا	ایک آنہ
۱۶ آنہ یا ۶۴ پیسونکا	ایک روپیہ
۲ آنہ کی	ایک دوانی
۲ دوانی کی	ایک چوانی
۲ چوانی کی	ایک اٹھنی -
۲ اٹھنی یا ۱۶ آنہ کا	ایک روپیہ
۱۵ یا ۲۰ روپیہ کی	ایک مُہر یا اشرفی
۳ پائی یا ۲ دھیلے کا	ایک ڈبل یا انگریزی پیسہ یا پاؤ آنہ -

انگریزی سکے

۲ فارذنگ کی	½ پینی
۴ فارذنگ کی	۱ پینی
۱۲ پنس کا	۱ شلنگ
۲۰ شلنگ کا	۱ پونڈ
½ ۱۰ پونڈ	ہاف گنی
۲۱ شلنگ کی	۱ گنی
½ ۲ شلنگ کا	ہاف کراؤن
۵ شلنگ کا	۱ کراون

انگریزی سکے تانبے کی

½ فارذنگ	=	۱ پائی
۱ فارذنگ	=	۲ پائی
۴ پنس	=	۸ پائی

چاندی کے سکے

تھری پنس	=	۲ آنہ
فورپنس	=	۲ آنہ ۸ پائی
سکس پنس	=	۴ آنہ
شلنگ	=	۸ آنہ
فلورن	=	۱ روپیہ

مختلف سکے

ایک ہون = ۵ یا ۷ روپیہ
۱ پینی = ادھنا ڈبل
۱ ڈالر = ۲ ½ روپیہ
۸ آنہ = ۱ شلنگ
۴ آنہ = ہاف شلنگ
۱ سینٹ = پاؤ آنہ یہ تانبے کا سکہ ہے
چوانی = ۶ پینی
۱۸ دینار = ۱ تومان
۱ تومان = ۸۰۰ دام
تومان خراسانی = ۳۰ روپیہ
تومان عراقی = ۴۰ روپیہ
۴۰ دام = ۱ روپیہ
مناودون یہ قدیم سکہ ہے جو مصر میں بعہد نبوت حضرت یعقوبؑ چلتا تھا یہ سکہ بقدر ایک روپیہ کے سمجھنا چاہیئے۔
۱ لیرہ یہ طلائی سکہ ہے = ۱۰ روپیہ
۱ روبل جو روسی سکہ ہے = ۲ روپیہ ۱۰ آنہ
۱ تومان = ۱۰ ½ شلنگ یا ۱۔ روپیہ ۴ آنہ

۱۰۰ کوپک روسی = ۱ روبل نقری
۱ روبل = ۳ شلنگ ۲ پینی یا ۱ روپیہ ۹ آنہ ۳ پائی
۱ ڈالر = ۸ آنہ
۱ پگوڈا[1] = ۱ ہون
۱ شلنگ = ۱۲ آنہ
۱۵ غرش = ۲ ½ شلنگ
۳ ½ درہم = ۱۴ آنہ ہندوستان
۱ دینار = ۵ روپیہ
۱۴ کرور دام = ۲۵ لاکھ روپیہ
۱ شاکی = ۶ پنس
۱ کیلو گرام = ۲ پونڈ
۱ تنکہ = آدھا یا دو تہائی روپیہ
۳ لاکھ مظفری = ۱ ½ لاکھ تنکہ
۱ ملین = ۱۰ ہزار لیرہ[2] یعنی گنی
طلائی فی لیرہ یعنی اشرفی = ۱۰ روپیہ چہرہ شاہی
۱ قرش یا غرش = ۲ آنہ ہندوستان
۱ مجیدی = ۲ روپیہ ۱۰ آنہ
۱ تومان = ۳ روپیہ

[1] یہ سکہ دکن میں چلتا تھا اب بھی شاید دکن کی ریاستوں میں رائج ہے ۱۲
[2] اسکو یورپ میں سورن یا پاشہ کہتے ہیں یہ ایک روپیہ کے ۲۰ ملتے ہیں اور بغداد میں ۱۳ ملتے ہیں ۔ ۱۲

نقشہ جات ایران بمقابلہ انگلستان

نام سکہ ایران	دھات	سکہ انگریزی
پول (یہ پیسہ ہیں)	تانبا	½ پنس اور ایک قرش کے ۴ یا ۵ ملتے ہیں
شاہی ۲ پول	ایضاً	¼ ۱ پنس
۴ شاہی ۱ عباسی	ایضاً	۱ پنس
۵ شاہی	چاندی	¼ ۱ پنس
۱۰ شاہی = ½ قرآن	چاندی	½ ۲ پنس
۱ قران[1] = ۲۰ شاہی	"	۵ پنس یا ½ ۴ آنہ۔ ایک روپیہ کے ½ ۳ ملتے ہیں۔
۵ قران	"	۱ شلنگ ۸ پنس
۱ عباسی	"	۱ پنس

[1] یہ ایرانی سکہ بلحاظ نرخ سیم گھٹتا بڑھتا رہتا ہے آجکل (۱۳۲۱ھ) ایک قران چوبیس شاہی (ایرانی) کا ہوتا ہے ۴،۸ پنس انگریزی یا ہندوستان کے پونے پانچ آنہ کی برابر ہے۔ دس شاہی ۲،۴ پنس کی برابر چاندی کا سکہ ہوتا ہے مگر ایک شاہی جو دو پول یا ہندوستان کے ایک یا سوا پیسہ کی ہوگی تانبہ کی ہوتی ہے۔

سکہ عربستان

۵- بارون کا ایک خمسہ

۲- خمسون کا ایک عشرہ

۲- عشرون کا ایک عشرین

۲- عشرین کا ایک قروش

۲۰ قروش کا ایک ریال

اس کتاب مین اوزان وسکہ جات ہندوستان وممالک غیر اس لئے درج کردئے گئے ہین کہ ناظرین کو ہر ملک کے اوزان اور سکہ جات کے ادراک مین آسانی ہو جائے۔ ساتھ اس اطلاع کے یہ التماس بھی ہے کہ اگر اوزان یا سکہ جات کی بابت مین جو کتاب ہذا مین دکھائی گئی ہے غلطی پائی جاے تو مولف کو اطلاع دیجائے کہ اوسکو درست کرلے +

قطعات تاریخ طبع کتاب گنج شائگان معروف بہ ٹکسال

قطعہ تاریخ از نتیجہ طبع سید شبیر حسن صاحب تحسین فوٹوگرافر برادر کوچک مولف کتاب ہذا

چھپا یہ نسخہ بے مثل و نادر + جسے ہے میر عالی نے لکھا خوب

کہی تاریخ مین نے اسکی تحسین + بسا زیبا بسا تحفہ بسا خوب

قطعہ تاریخ مصنفہ سید محمد احسن صاحب آحسن برادر خرد مولف

جناب عالی عالی رقم نے + لکھے سکے یہ ہین کیا ہی خوش اسلوب

نوٹ۔ یہ یونانی سکہ ہے زیادہ حال معلوم نہیں ہے

١۔ قبلک = ١٠ قمری

١۔ قران عجمی = ٩ قمری

١۔ کرون = ٦ شلنگ

١۔ ڈالر چینی = ١ شلنگ ١١ پنس

٢۔ شلنگ ٣ پنس = ١۔ روپیہ ٢ آنہ

١۔ قران = ٢٠۔ پیسہ

٣۔ قران = ١۔ روپیہ ٤ پیسہ

٣۔ لاکھ ٥٠ ہزار پونڈ عثمانی یعنی ترکی = ٣٥ لاکھ روپیہ۔

١۔ قرش = ٢ روپیہ ہندوستان مروجہ حال

١/٤ پنس = ٥ پیسہ

١۔ درہم = ٥ پنس

٥٠ ہزار ریال = ١/٢ ١٢ لاکھ پونڈ یا ایک لاکھ ١/٢ ٢ ہزار روپیہ

٢٢ شاہی = ٥ آنہ

٥٠ ١ مارکس سکہ جرمنی = ١٠٠ روپیہ انگریزی مروجہ ہندوستان

١۔ ریال = ١٢ قرش گمرک ٢ ١٣١٢ھ میں عہد عبد الحمید خان

ثانی سلطان روم حال کے حکم سے ہیں کے سکہ یال کی قیمت بجائے ١٢ قرش کے ١٠ قرش رکھی گئی ہے

٢ سن = ١/٢ حصہ ایک پنی کا

٥٠ ہزار ہسپانوی ڈالر = ١/٢ لاکھ روپیہ

١ ساورن = ١/٢ ٥ روپیہ

١/٢ املین فرنیک = ١٠ لاکھ

١۔ فرانک = ١٠۔ آنہ

١۔ ساورن (طلائی سکہ ہے) = ١٠ روپیہ

١٠٠ استیم = ١۔ فرنیک

١۔ فرنیک = ٦ آنہ ٩ پائی

١۔ ڈالر = ٢ روپیہ ٢ آنہ ٩ پائی

٥۔ پارہ = پاؤ آنہ

ترکی سکے

١۔ مجیدی سفید = ٢٠ غرش یا قرش یا پیاسٹر

١ غرش = ٤٠ پارہ

٢۔ مجیدی سفید = ١ لیرہ

١۔ لیرہ = ٩ یا ١٠ تومان یا ٥ روپیہ

ضمیمہ گنج شائگان معروف بہ جبال

سکہ جات مندرجہ ذیل و بیان سکہ و اوزان اور قطعات
تاریخ کتاب ہذا بوجہ دیررسی و بعد تیاری کتاب پہونچنے
کے بذریعہ ضمیمہ شامل کتاب کی گئیں۔

مالک معظم ایڈورڈ ہفتم کا سکہ جو سب سے پہلے مضروب ہوا۔

سکہ ننکرڈ

ہوئی تاریخ کی جب فکر مجھکو	کہا ہاتف نے لکھدو۔ گنج مرغوب ۱۳۱۲ھ

قطعہ تاریخ از سید علی اکبر حسن اکبر برادر زادہ مؤلف

کتاب سکّہ ہے عالی نے لکھی	خدایا ہووے یہ مشہور عالم
اگر تاریخ کی ہے فکر اکبر	سر ہجبت سے لکھدو فیض اعظم ۱۹ء

قطعہ تاریخ از قلم جادو رقم منشی ابو محمد چراغ دین صاحب لائق لاہوری مؤلف تقویم سلطانی وغیرہ اہلکار مطبع سرکاری بھوپال

مشفقی عالی کی ہین تالیف مین	سکّہ ہائے خاص شاہان زمان
دیکھنا کیا جو سنے تک بھی نہین	ہو گئے اسکی بدولت سب عیان
تھی یہ عالی ہی کی عالی ہمتی	چھان ڈالا سب زمین اور آسمان
اپنا خود سکہ بٹھایا آپ نے	ذہن ہی انکا ہے گنج شائیگان
ابتدا سے انتہا تک سب کے سب	جو چلے سکّے لکھے ہین بیگمان
سال تاریخ اسکا لائق کر رقم	مختلف سکّو نکی ہے ٹکسال یان ۱۹ء

قطعہ تاریخ از نتائج طبع سلیم ابو الانوار منشی سید نور الحسن صاحب نسیم سابق مہتمم اُلُغ عفا بھوپال

کرد انشا چون رفیع نیک ذات	این کتاب سکّہ جات مختلف
بہر تاریخش بمن گفتہ نسیم	گو۔ ہزاران سکّہ جات مختلف ۱۹ء

خاتمہ الطبع

الحمد للہ علی احسانہ کہ کتاب نادرِ جہان الموسوم بہ گنج شائیگان نامی مطبع مطلع العلوم و اخبار نیر اعظم مراداباد مین چھپکر صفائے بخش اہل بصیرت ہوئی

تمت

سکۂ طلائی ریمنڈ نواب جافا

ایضاً۔ ہاسپٹلرس

سکۂ نقرئی (ایک ڈالر) وزن ۲ تولہ ۴ ماشہ

سکۂ طلائی لوئی ہشتم

ایضاً۔ پانس نواب طرابلس

ایضاً اہل معابد

سکہ مس سلطنت ایران - وزن دس ماشہ
(اسکا کنارہ مثل روپیہ انگریزی کے خطدار ہے)
سکہ مس معتصم باللہ خلیفہ بغداد - وزن ڈیڑھ تولہ
سکہ مس - وزن ایک تولہ ساڑھے تین ماشہ
ایضاً وزن ۷ - ماشہ
ایضاً - وزن ساڑھے گیارہ ماشہ

سکہ مس سلطان ابوالمغازی - وزن ۷ ماشہ

سکہ مس سلطان والی مسقط - وزن ۷ ماشہ

ایضاً وزن ۷ - ماشہ

طرسوس واقع علاقہ قونیہ مین ۱۳۰۲ھ مطابق ۱۸۸۴ء کو اوسکے
گرد کے کھنڈرات سے چند پرانے سکے برآمد ہوئے ہین جنکے
ایک طرف ایک دیو ہیکل بُت کی تصویر ہے - اس سکہ پر عجیب قسم
کے نقش ہین اور حروف ایسی زبان کے ہین
کہ پڑھے نہین جاتے -

بیان سکہ جات

جینہ مصری — لیرہ مصری — ۱۵ روپیہ

۱۰۰ قروش — صاغ مصری — سوا آنہ

جینہ انگلیزی — لیرہ انگلیزی

۹۷ ½ قروش — صاغ مصری

۱۳۴ ½ قروش شامی — پندرہ روپیہ ہوتا ہے۔
۱۵ +

جینہ عثمانی — لیرہ عثمانی

۸۷ ½ قروش صاغ مصری — آٹھ آنہ

۱۲۱ ½ قروش شامی — تیرہ روپیہ
۱۳ + ½

جینہ فرنساوی — لیرہ فرنساوی

۷۷ [illegible] فروش صاغ مصری۔ — ۱۰۷ قروش شامی۔ گیارہ روپیہ چودہ آنہ
۱۱ — ۱۴ ام

ریال مصری۔ — ۲۰ قروش صاغ مصری۔ — تین روپیہ سوا آنہ۔ ۳ ½ ۱

ریال مجیدی
{ ۱۶ ½ قروش صاغ مصری
۲۲ ½ قروش شامی }
دو روپیہ آٹھ آنہ
۲ - ½

روپیہ انگلیزی
{ ۶x ½ قروش صاغ مصری
۹x قروش شامی }

ایک قرش صاغ مصری — ڈھائی ½ ۲

سکۂ نقرئی - وزن ۲ تولہ ڈیڑھ ماشہ
416 · ONE YEN · 900
سکۂ نقرئی - سلطان روم - وزن ۵ ماشہ
ایضاً - وزن ڈھائی ماشہ
ایضاً وزن ایک ماشہ ۳ رتی

ایک قنطار مصری ۱۰۰ رطل شامی۔ ایک رطل شامی ۸۰۰ درہم ۲۴۰ روپیہ۔ ایک قنطار شامی
۱۰۰ رطل شامی۔ ایک سو رطل مصری ۳۶ اقہ۔ ایک اوقیہ شامی ۶۶ درہم
۶ اوقیہ شامی۔ ایک اقہ۔ دو اقہ۔ ایک رطل شامی۔ بارہ اوقیہ۔ ایک رطل شامی۔
۶ مد۔ ایک کیل۔ ایک صاع۔ چار مد۔ ایک اردب مصری ۲۴ صاع مصری۔ ایک قیراط بیس عدد
دانہ گندم۔ ایک درہم تین قیراط۔ فقط

قطعات تاریخ طبع کتاب ہذا

قطعہ تاریخ مصنفہ حافظ سید ممتاز علی صاحب تخلص حافظ سررشتہ دار عدالت منصفی فوجداری بھوپال مولف تاریخ کعبہ

خوبی مضامین تھا و پرکے باعث	ہے دلکش و عجب پر نژاد مرقع	حافظ کہو یہ مصرع تاریخ ہی نمایاں	سکوں کا بنا خوب طبع زاد مرقع ۱۳ ھ ۲۱

دیگر

سفر عجیب عالی والا گہر نوشت	با دلبر معانی در سفت موبموی	ای حافظ ازین مادہ بہ ترتیبہ بہر سال	از تنگ سکہای نقود شہان نگو ۱۳ ھ ۲۱

قطعہ تاریخ از کلک گہر سلک منشی سید حامد حسین صاحب رئیس قصبہ داعی پور ضلع فرخ آباد مقیم بھوپال

اگر تم بھی عالی عجب چیز ہو	نہیں تم سا کوئی خلف کی قسم	انوکھی وہ لکھی ہے تمنے کتاب	بڑا مال ہے جس سے بھی نقش درم
	بس اب مفلسی میں بھی ہو تم امیر	ہوئی آج تاریخ سکہ رقم ۱۳ ھ ۲۱	

دیگر

چو کردم سیر گنج شائگان	عجب آمد مرا زین تماشا	سہم امداد اندر ذات دیدم	ازین گنج وازان افلاس دنیا
	بسال ہجری ہاتف ندادم	گزشتہ سکہ شاہان یکجا ۶۱۹ ۲	

دیگر

آپکی فکر کا کیا کہنا جناب عالی
قلم شمشیر کا بے شک قلم نے توڑا
چھٹے کے سکہ سے تاریخ میں ہے ذکر نظام
واقعہ ہی نہیں بتلائیگا سال سے فصلے

بادشاہان زمانہ کا مٹایا سکہ
کیا تالیف سے سب اپنا پلایا سکہ
منشی ہیں آپ تو کاغذ کا چلایا سکہ
جمع سکوں کو کیا تمنے بٹھایا سکہ
۱۳ ف ۱۰

ایک قرش شرک مصری و قرش دارجہ مصری - سوا آنہ ۱۱ ۱

ایک قرش شامی - ڈیڑھ آنہ کچھ کم -

ہر ایک قرش چالیس پارہ کا ہوتا ہے -

ایک ملیم قریب ایک فلوس ڈبل (۳ پائی)

دس ملیم ایک قرش صاغ مصری -

ایک قرش حجازی صاغ اور ایک قرش شامی اور ترکی حساب مین برابر ہوتا ہے ایک لیرہ فرنساوی بیس فرنک ہے -

پانچ ملیم -	ایک قرش شرک مصری
ایک فرنک	ایک سو سانتیم - چار قروش صاغ مصری - آٹھ قروش شرک مصری
ایک لیرہ فرنساوی -	بیس فرنک
ایک شلین -	بارہ پنس -
ایک لیرہ انگریزی -	بیس شلین (شلنگ - عالی)
ایک شلین -	بارہ آنہ - پانچ قروش صاغ مصری کچھ کم
ایک فرنک -	دس آنہ - چار قروش صاغ مصری ایک پنس - آدہ انہ (۶ پائی)

بیان اوزان

ایک کیلوگرام - ۳۲۰ درہم - چھیانوے روپیہ کی برابر -

ایک رطل مصری ۱۴۴ درہم - چالیس روپیہ کی برابر -

ایک رطل حجازی اور ایک رطل مصری - وزن مین برابر ہے -

ایک اقہ ۴۰۰ درہم - ۱۲۰ روپیہ -

سکہ جات جو رائج ہونے سے رہ گئے

سکہ کس ایران وزن ۶ ماشہ

سکہ طلائی امیر عبدالرحمن خان والی کابل جو ۱۸۹۰ء کو جاری ہوا۔ وزن ساڑھے چار ماشہ۔ طرف اول نقشہ مسجد کعبہ شریف۔ طرف ثانی کلمہ طیبہ اور امیر کے خطاب وغیرہ۔

سکہ جلال الدین محمد اکبر۔ مصنفہ شریف سرہدی چوکی نویس مروجہ الہ آباد۔

ہمیشہ چون زر خورشید و ماہ رائج باد
بشرق و غرب جہان سکہ الہ آباد

سکہ نورالدین جہانگیر مروجہ بداون۔

در بداون سکہ زد سلطان گردون پایگاہ
شاہ نورالدین جہانگیر ابن اکبر بادشاہ

سکہ جات نقرئی محمد شاہ بہمنی والی دکن جو چار طرح کے تھے اور اونکا وزن ۶ ماشہ سے ۲ تولہ تک تھا۔ ایک طرف کلمہ طیبہ اور چار یاروں کے نام اور دوسری جانب بادشاہ کا نام اور سنہ اور تاریخ وقت ارتسام مسکوک تھے۔

اعلان

کوی صاحب مالک مطبع و تاجر
کتب اس کتاب گنج شائگان معروف
به ٹکسال کا کل یا جزو بغیر اجازت مولف و مالک
مطبع ہرگز طبع نفرمائیں حق تالیف اسکا بحق مطبع مطلع العلوم
و اخبار نیر اعظم مراد آباد محفوظ ہے

راقم
ایس ایں علی اڈیٹر و پروپرائٹر اخبار نیر اعظم مرادآباد

فہرست مضامین گنج شایگان جلد دوم

غلطنامہ گنج شایگان جلد دوم

صفحہ	سطر	غلط	صحیح
لوح	۲	دویم	دوم
//	۸	سررشتہ دار عدالت	مینجر شری پرتاپ بہادر (اسسٹنٹ)
		چیف مجسٹریٹ	بیلیف
۲	۱۲	کورٹ انسپکٹر سیتاپور	ہیڈماسٹر ٹریننگ اسکول مرادآباد
	۱۵	سٹ	مسٹر
۳	۲	سررشتہ دار	سابق سررشتہ دار
۴	۴	+	(۲۰ اکتوبر ۱۹۱۸ء کو دنیا [illegible] وفات پائی)
//	۸	+	حال نائب مہتمم صیغہ سرکاری بھوپال
//	۱۱	سب ایڈیٹر و مہتمم رسالہ ادیب کانپور	اڈیٹر رسالہ ادیب الہ آباد
//	۱۳	ریویو	ریویوز
//	۱۴	+	(۱۰ نومبر ۱۹۱۸ء کو انتقال کیا)
۵	۴	+	(۳ اگست ۱۹۱۸ء کو بمقام بانکی پور وفات پائی)
//	۱۴	اڈیٹر	اڈیٹر صاحب
۶	۱۳	۲۲۲ کی	۲۲۲ صفحہ کی
//	۱۶	کے گئے ہیں	کیے گئے ہیں
۹	۲۱	"دو نومکیس"	"دو نومیسمیٹکس"
۱۱	۷	زین گزٹ	رین گزٹ
۱۲	۱۳	زمیندار کاشتکار	زمیندار و کاشتکار
۱۴	۱۹	صرایک	صرف ایک

صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۱۵	۱۶	کرد کہاہے	کر دکھائی ہے
۱۷	۱۰	ضرورت مین	حاجت
//	۱۷	محق	محققین
۱۷	۳	رنجبار	زنجبار
ضمیمہ صفحہ		۱۶۶	۶۶
۴۶	۱	(۱۲۲)	(۱۱۲)
ضمیمہ صفحہ		۶۸	۸۲
۸۶	۱	شبر علیخان	شبیر علیخان
ضمیمہ صفحہ		۷۸	۸۷
۹۰	۱	(۸۳)	(۱۸۳)
۱۱۵	۳	سلسانی	سلطانی
۱۱۷	۱	مختلف	متفرق
۱۲۰	۱۳	اس	اسی
۱۲۵	۱۰	کراچاہتے ہیں	کرنا چاہتے ہیں
۱۲۷	۳	(۳۴۵)	(۳۴۷)
۱۴۰	۱	(۳۲۲)	(۳۶۳)
۱۴۲	۶	کے	کے پاس ہیں
۱۴۹	۷	حیدرآباد	حیدرآباد دکن
۱۵۱	۱	(بی)	(مسی)
//	۱۰	حن ر	خنکہ وہ

بعد حمد شہنشاہ دوسرا و نعت حضرت محمد مصطفےٰ شفیع روز جزا و منقبت جناب
امیر المومنین علی مرتضیٰ شیر خدا و آئمہ ہدا علیہم التحیۃ والثنا محمد رفیع رضوی عاکی
ابن سید محمد وصی ابن سید مجید الحسن ابن سید فضل حسین ابن سید محمد حسن ابن سید نصیر الدین
ابن منشی سید نظام الدین علیخان منشی محمد شاہ بادشاہ دہلی - ابن سید محمد یعقوب منصبدار
شاہی ابن سید خرم رحمۃ اللہ علیہم عرض رسا ہے کہ مینے کتاب گنج شایگان کا ایک حصہ
مرتب کیا تھا. مگر اوس کے طبع کی نوبت نہ آئی تھی حسن اتفاق سے مولوی الیس ابن علی
صاحب مالک مطبع مطلع العلوم و اخبار نیر اعظم مراد آباد بھوپال تشریف لائے
اور اوس کتاب کو دیکھکر اوس کے چھاپنے کی خواہش ظاہر کی اور سنہ ۱۹۰۳ء مین طبع کر کے
شایع کر دیا - قدردانان ملک نے اوسکی قدر افزائی کر کے ناچیز مولف کا حوصلہ بلند کیا
جس سے خیال پیدا ہوا کہ اس علم کے متعلق اور جسقدر ممکن ہو جلدین مرتب کروں
مگر اس کام کے لئے اول تو دیہہ کی سخت ضرورت وہ مفقود - دوسرے فرصت
درکار یہ دشوار - مگر مینے اس کتاب کی دوسری جلد مکمل کرنے کا پورا ارادہ کر لیا -
اور بفضل خدا اس ارادہ میں کامیاب ہوا اور اس کا دوسرا حصہ مرتب کیا جسمین صرف

(۷) سید محمد احسن صاحب رئیس قصبہ موہان ضلع اناؤ۔
(۸) منشی شاکر حسین صاحب نکہت سہسوانی سررشتہ دار نیابت مال بھوپال۔
(۹) منشی سید نور الحسن صاحب نسیم سازنگوری مقیم بھوپال۔
(۱۰) پنڈت نرمدا پرشاد صاحب جوشی ملازم مطبع سرکاری بھوپال۔
(۱۱) میاں لطیف محمد خاں صاحب رئیس بھوپال۔
(۱۲) مولوی محمد یونس صاحب ملازم بخشیگری ریاست بھوپال۔
(۱۳) منشی عبد الرحیم صاحب میر منشی روبکاری صاحبزادہ حاجی حافظ کرنل محمد عبید اللہ خانصاحب بہادر بھوپال۔
(۱۴) سید نور علی صاحب ٹھیکہ دار تیلی گھر بھوپال۔
(۱۵) محمد نور خانصاحب سب انسپکٹر پولیس ضلع بدایوں
(۱۶) منشی پیارے لعل صاحب شاکر سابق ایڈیٹر اخبار تحفہ سرحدیوں حال سب ایڈیٹر ومنیجر رسالہ زمانہ کانپور۔

ریویو جلد اول گنج شایگاں

(۱) خان بہادر شمس العلما مولوی ذکاء اللہ صاحب دہلوی۔

نہایت قدیم زمانہ سے یہ رسم چلی آتی ہے کہ جو بادشاہ ہوتا ہے وہ اپنی بادشاہی کی نشانی یہ جانتا ہے کہ اپنے نام کا سکہ جاری کرے اسلئے مختلف الزمان مختلف الاوزان مختلف القیمت ۔ مختلف الصورت سکوں کی تعداد بیشمار ہے ۔ لہذا قوموں میں سکوں کے بیان کا بڑا شوق ہے ہزاروں صفحے ان سکوں کی تحقیقات میں لکھتے ہیں مگر یہ مضمون ختم نہیں ہوتا۔ اس باب میں مسٹر راجرس و مسٹر طامس کی تصنیفات ہندوستان کے سکوں کے باب میں بڑی مبسوط ہیں ۔ یہ بڑی خوشی کی بات ہے کہ اردو زبان میں بھی ایک کتاب گنج شایگان معروف بہ ٹکسال سید محمد رفیع صاحب نے تالیف و تصنیف کی ۔ میری نظر سے اس سے بڑی اور کوئی کتاب سکوں کے باب میں نہیں گذری۔

اسلامی سکے درج کئے ۔

اس حصے کے زیادہ تر سکے اصلی سکوں کی نقلیں ہیں۔ اور باقی سکہ جات کی نقول رسائل ایشیاٹک سوسائٹی آف بنگال و کتب سکہ جات برٹش میوزیم و دیگر کتب انگریزی سے ماخوذ ہیں۔ اگر قدر دانان ملک نے قدر افزائی فرمائی اور زندگی نے وفا کی اور اطمینان رہا تو اسکے اور حصے بھی جنمیں نایاب سکے ہیں مرتب کرکے اہل ملک کی خدمت میں پیش کرونگا ۔

مناسب معلوم ہوتا ہے کہ اون اصحاب کا نام نامی و اسم گرامی درج کیا جاوے جنہوں نے سکہ جات کی اعانت سے اس حصہ کی تکمیل میں خاکسار مؤلف کو بہت بڑی مدد دی نیز ان اخبارات اور ناظرین کتاب کے ریویو شامل کتاب ہذا کئے جاویں جنہوں نے حصہ اول کے متعلق اپنی رائے رزین کا اظہار کرکے کتاب کو زینت بخشی ۔

فہرست معاونین سکہ جات

(۱) علیا حضرت ابر کرم بحر ہمم جناب نواب **سلطان جہان بیگم** صاحبہ رئیس دلاور اعظم طبقۂ اعلای سلطنت ہند فرمانروائے **ریاست بھوپال** ادامہا اللہ بالاقبال ۔

(۲) نواب شہزور جنگ صاحب رئیس حیدرآباد دکن ۔

(۳) شیخ سراج الملک صاحب رئیس قصبہ متوائمہ ضلع الہ آباد ۔

(۴) میرزا قاسم حسین بیگ صاحب قزلباش لکھنوی کورٹ انسپکٹر سیتاپور ۔

(۵) ابو القاسم سید عبد الوہاب صاحب حسینی متوطن حیدرآباد دکن

(۶) سید شبیر حسن صاحب محسن فوٹوگرافر و رئیس قصبہ موہان ضلع اناو ۔

۱؎ برٹش میوزیم کو مسٹر اسلون طبیب نے پانچ لاکھ روپیہ صرف کرکے بہت سی نادر اشیا جمع کی تھیں سنہ ۱۷۵۳ء میں اپنی وفات کے وقت اپنے ورثا کو یہ وصیت کی تھی کہ اس سامان کو سرکار کے ہاتھ دو لاکھ روپیہ کو فروخت کردینا چنانچہ اوسی سال سرکار نے قیمت معینہ کو کل چیزیں خریدلیں ۔ اور ۱۵ جنوری ۱۷۵۹ء کو اس کا نام برٹش میوزیم رکھا گیا اور عوام کو سیر کی اجازت دیگئی ۔

حقیقت میں یہ کتاب لاجواب ہے۔ اور مصنف نے کمال درجہ کی تحقیقات کے ساتھ تصنیف کی ہے۔ ایسی کتاب پہلے اس سے اردو زبان مین نتھی۔

(۶) خان بہادر مولوی خدا بخش خان صاحب سی۔ آئی۔ ای بیرسٹرایٹ لا رئیس اعظم پٹنہ سابق چیف جسٹس گورنمنٹ نظام

ان سکونکے بارہ مین مینے آجتک کوئی کتاب ایشیائی زبانونمین نہین دیکھی شاید کوئی ہو مگر میری نظر سے نہین گذری یہ پہلی کتاب ہے جو اس مبحث پر لکھی گئی ہے ایسی کتابونسے قدیم بادشاہونکے نشانات ٹھیک ملتے ہین۔

(۷) منشی محمد شفیع الدین خانصاحب۔ ایم۔ بی۔ ای ایس مرادآباد

گنج شایگان کی داد دینا درحقیقت چھوٹا منہ بڑی بات ہے ارباب سیر و تواریخ کے واسطے یہ کتاب انمول جواہر ہے۔

(۸) صاحبزادہ محمد رفیق خانصاحب بہادر برادر نوابصاحب بہادر ٹونک

کتاب کی نسبت تحقیق کے ساتھ میرے خیالات یہ ہین کہ اوس سے مصنف کی محنت شاقہ کا اظہار ہوتا ہے اور کتاب فی نفسہ قابل تعریف ہے۔

(۹) ایڈیٹر لاہور پنچ لاہور

گنج شایگان معروف بہ تکسال۔ مولف نے بڑی محنت اور قابلیت سے اس قابل قدر کتاب مین شاہان ایران سے لیکر آجتک ساری دنیا کے بادشاہون۔ راجہ نوابونکے سونے چاندی وغیرہ کے سکے مع اونکی تاریخی حالات اور ورخہ تصاویر کے درج کئے ہین جنپر بغور نظر کرنے سے دنیا کا عبرتناک نقشہ آنکھونکے سامنے کھنچ جاتا ہے۔ مولف موصوف نے شائقین تاریخ کے اوراق مین ایک دلچسپ نیا باب اور اضافہ کر دیا ہے۔ ظاہری صورت بھی اس کتاب کی اچھی خاصی ہے۔

سید صاحب نے اس کو نہایت خوش اسلوبی اور محنت و لیاقت سے لکھا ہے - اول لفظ سکہ کی تحقیقات پھر اوس کے رواج کی تاریخ اچھی تحقیق سے لکھی ہے اور بعد اسکی صدہا سکوں کی تصویریں ہوبہو بنائی ہیں - غرض ایک نہایت مفید کتاب تصنیف کی ہے

(۲) خواجہ الطاف حسین صاحب حالی از پانی پت

مخدومی - عنایت نامہ مع ایک جلد گنج شایگان کے پہونچا - میں باہر گیا ہوا تھا - جب واپس آیا تب گنج شایگان کے مطالعہ سے مستفید ہوا - آپ اس کتاب کی نسبت میری ناچیز رای دریافت فرماتے ہیں - مگر میرے نزدیک اس پر کسی راے کے دریافت کرنے کی کچھ ضرورت نہیں - آفتاب آمد دلیل آفتاب ۔ یہ کتاب خود اپنی خوبی کی دلیل ہے - ظاہرا یہ پہلی کتاب ہے جو اردو زبان میں سکوں پر ایسی تفصیل و بسط کے ساتھ لکھی گئی ہے - سید محمد رفیع صاحب رضوی کا اور نیز آپ کا جنکی فرمایش سے مولف ممدوح نے یہ کتاب لکھی اردو دان پبلک پر بڑا احسان ہے - خداتعالے ملک کو اسکی قدر کرنے کی توفیق دے - زیادہ نیاز -

خاکسار الطاف حسین حالی -

(۳) خان بہادر شیخ احمد حسین صاحب تعلقدار پریاوان ضلع پرتابگڈھ

مین مصنف گنج شایگاں کی عرقریزی کو وقعت کی نگاہ سے دیکھتا ہوں -

(۴) وقار الدولہ وقار الملک نواب مولوی مشتاق حسین صاحب انتصار جنگ رئیس امروہہ

کتاب فی نفسہ نہایت ہی عمدہ ہے اور اردو زبان کی ترقی بدون اس قسم کی علمی اور تاریخی کتابوں کے ہو نہیں سکتی -

(۵) آنریبل خان بہادر امیر حسن خان صاحب سی - آئی - ای سابق پریسیڈنسی مجسٹریٹ کلکتہ

گو انگریزی زبان مین علم۔ نومیسمیٹکس (سکونکے علم) پر بہت سی عمدہ عمدہ کتابین موجود ہین لیکن اُردو مین غالباً یہ اپنی قسم کی پہلی کتاب ہی مجم ۲۲۰ صفحے قیمت عہ

(۱۳) آصف الاخبار دہلی مطبوعہ یکم دسمبر ۱۹۰۳ء

گنج شایگان عرف ٹکسال۔ یہ نادر کتاب یا قدیم وجدید سکون کا خزانہ سید محمد رفیع رضوی عالی متوطن موہان ضلع اونا و کے الفاظ اور مکرمی ایس این علیصاحب ایڈیٹر نیر اعظم کے کارخانہ مین ڈھلا ہے۔ اس بیش بہا خزینہ مین اگلے پچھلے زمانہ کی مختلف الاوزان سکون کی ہوبہو دورخی تصویرین نقش ہین جنسے انکی ماہیت۔ تاریخ اور صنعتون کا کافی پتہ چلتا ہی۔ اردو مین یہ پہلی کتاب ہی جسے انجمن ترقی اُردو کیلئے مصنف نے کمال جانفشانی سی تالیف اور سید صاحب نے اپنی علوہمتی سے شائع فرمایا ہے۔ یہ مفید کتاب مطبع مطلع العلوم مرادآباد سے ۱ر قیمت پر ضرور طلب فرمایئے۔

(۱۴) وفادار دہلی پنج لاہور مطبوعہ ۹۔ دسمبر ۱۹۰۳ء

گنج شایگان معروف بہ ٹکسال۔ اس بیش بہا کتاب کے مصنف ہمارے روشن خیال دوست جناب سید محمد رفیع الدین[1] صاحب رضوی عالی متوطن قصبہ موہان ضلع اونا و ملک اودہ سابق ایڈیٹر رہبر گنگ۔ اودھ اخبار گورکھپور۔ آگرہ دمنیجر مطبع تحفہ ہندایۃ مولف اخترا قبال اخترا ودہ۔ تصریح الحروف۔ تاریخ آصفجاہی۔ تاریخ بنارس۔ تاج ونشان وغیرہ حال اہلکار مطبع سرکاری ریاست بھوپال ہین اس کتاب مین تمام دنیا کی ریاستون سلطنتون۔ یا دشاہتون اور حکومتون کے سونے چاندی۔ تانبے وغیرہ سکونکے دونون رخونکی تصویریں اور ہر صرف آج کل کے مروجہ سکے ہی نہین ہین بلکہ ابتدای آفرینش سے اسوقت تک جتنی پادشاہتین گذری ہین اون سب کے حکمرانون کے وقت کے روپیہ۔ پیسہ۔ اشرفی وغیرہ وغیرہ کی ضربیں اسمین دکھلائی ہین اور پورے نام بھی جنکے دیکھنے سے

---

[1] صحیح نام محمد رفیع ہی اخبار مین غلطی سی محمد رفیع الدین چھپ گیا ہے۔ عالی

(۱۰) ایڈیٹر صاحب مخبر عالم مراد آباد

نیر اعظم پریس مراد آباد نے اس نایاب کتاب گنج شایگان کو چھاپکر اُردو دان
اصحاب پر بڑا احسان کیا ہے - قدیم شاہان ایران سے لیکر اب تک اُنکے تمام موجودہ
پادشاہوں اور ریاستوں وغیرہ کے ہر قسم کے سکونکی تصاویر و حالات تاریخی
و اوزان وغیرہ کا اس مین مفصل حال لکھا ہے - عجیب غریب - سونے - چاندی
تانبے وغیرہ کے مختلف سکے ایک دلکش مرقع کی صورت مین نظر آتے ہین
اور شاہان قدیم کی عظمت و اقتدار کا پورا پورا اظہار کر رہے ہین - لغو قصے کہانیون
اور ناول وغیرہ کے دیکھنے والے کیا اچھا ہو کہ اس قسم کی علمی و تاریخی کتب کے دیکھنے مین
وقت صرف کرین اور اپنا دل بہلائین کہ ہم خرما و ہم ثواب کے مصداق بنجائین -
ہم اس کے قابل مولف سید محمد رفیع صاحب رضوی اہلکار مطبع سرکاری
بھوپال کو بھی اس محنت اور لیاقت کی داد دیتے ہین - واقعی اس رسالہ کی تالیف مین
نہایت کوشش اور جانفشانی سے کام لیا ہے - یہ رسالہ ۱۸×۲۲ کے پیمانہ کی چہارم تقطیع

(۱۱) ایڈیٹر صاحب پبلک گزٹ امرتسر

گنج شایگان - اسمین کلام نہین کہ مولف صاحب نے اسکی تالیف مین نہایت محنت
اور قابلیت کا ثبوت دیا ہے - قریباً کل ممالک کے سکہ جات عموماً ہندوستان
اور دیسی ریاستون کے خصوصاً اصلی نقشے مع اوزان و مختصر حالات کے دئے ہین
گویا کوزہ مین دریا ہے جس سے شائقان تاریخ دور دراز کے دیرینہ حالات
معلوم کر سکتے ہین -

(۱۲) پیسہ اخبار لاہور مطبوعہ ۲۸ - نومبر سنہ ۱۹۰۳ء

گنج شایگان - مولفہ سید محمد رفیع صاحب رضوی - جسے منشی انس بن علی صاحب
پروپرائٹر اخبار نیر اعظم مراد آباد نے شایع کیا ہے - اس کتاب مین دنیا کے مختلف
ممالک کے قدیم و جدید سکونکے مختصر حالات اور بہت سی تصاویر درج کیگئی ہین

جھپکر شائع ہوئی ہی۔ اس مین قدیم شاہان ایران سی لیکر دنیا بھر کی پادشاہتون۔ ریاستون وغیرہ کے سونے چاندی تانبے وغیرہ کے سکونکے دونون رخون کی تصویر مع حال۔ وزن تاسیس تحریر ہی یہ غالباً اس مضمون کی پہلی کتاب اردو زبان مین ہی اگرچہ انگریزی زبان مین اس فن پر بہت سی کتابین موجود ہیں۔ اور بہت سے لوگ تحقیقات علم تاریخ کی اس شاخ پر شیدا ہین مگر اردو دانون مین ہمنے اس مضمون کا بہت کم چرچا سنا ہے۔ ہم دل سے چاہتے ہین کہ لوگ اس کتاب کو نہ صرف خریدکر لطف اوٹھائین بلکہ اصلی مدعا کی طرف بھی سکونکی فراہمی اور تحقیق اور جستجو کا اصلی مقصود ہی توجہ کرین شاید ناواقف اشخاص کو یہ سنکر تعجب ہوگا کہ انہین سکونکے ذریعہ سے نئی ایک پادشاہون نہین بلکہ شاہی خاندانون کا جنکا کسی تاریخ مین ذکر تک نتھا پتہ ملگیا اور کئی ممالک کے بعض تاریک زمانون مین انکے ذریعہ سی روشنی پڑی اور کئی ایک نہایت پیچیدہ تاریخی عقدہ حل ہوگئے۔ ہم خوش ہین کہ ہمارے اہل ملک کو تاریخی معاملات کی جستجو کیطرف توجہ ہوتی جاتی ہے۔ ایک روپیہ قیمت پر دفتر نیر اعظم مرادآباد سے مل سکتی ہی۔

(۱۰۱) روزانہ پیسہ اخبار لاہور ۲۷ نومبر ۱۹۰۳ء

گنج شایگان

اِس کتاب مین دنیا کے مختلف ممالک کے قدیم وجدید سکونکے مختصر حالات اور بہت سی تصاویر درج کیگئی ہین۔ شروع مین جب ضرب سکہ کے کچہ حالات لکھکر پہلے نامہ خسروان ایران سے ایرانی سکے نقل کیے گئے ہین پہر سلاطین یورپ کے قدیم وجدید متفرق سکے ہین۔ آخر مین زمانہ حال کے تمام مروجہ سکون اور اوزان کے مقابلہ مین ہندوستانی اوزان اور قیمتون کا مقابلہ کیا گیا ہے۔ گو انگریزی زبان مین علم "نومسمیٹکس" (سکونکے علم) پر بہت سی عمدہ عمدہ کتابیں موجود ہین لیکن اردو مین غالباً یہ اپنی قسم کی پہلی کتاب ہی ۲۰۰ صفحہ حجم قیمت ایک روپیہ

معلوم ہوتا ہے کہ دنیا میں کیسے کیسے اولوالعزم - عالی رتبہ - عالیجاہ اور بے مثل پادشاہ گذری ہین جنہون نے اپنے وقت مین بہت کچھہ حکومت کے کرشمہ دکہائے ہین اور آخرکار صفحۂ ہستی سے ایسے مٹے کہ اونکے نشان بھی قریباً مٹ چکے ہین - غرضکہ یہ کتاب ایسی ہے کہ آجتک کوئی کتاب بھی اسکے برابر تمام پادشاہونکی یادگار کا مصدقہ ثبوت دینے والی نہین چہپی - ہمارے مخدوم مولانا رضوی صاحب اپنی بے مثال تصانیف کی وجہ سے ملک مین ایک ممتاز مصنف ہین اور جنکی ایسی معلومات کے مقابل ہمین تو ملک مین ایسا اعلےٰ درجہ کا کوئی مصنف یا مولف بھی دکہائی نہین دیتا اونہون نے اپنی پہلی تصانیف مین کیا کوئی کمی کی تہی جو اس مین کوئی کمی رہجاتی - غرضکہ یہ کتاب پرانے سکونکے شائقینون اور اونکی معلومات بڑہانے کے لئے ایک بے مثل ورکار آمد کتاب ہے جو دفتر اخبار نیر اعظم مراد آباد سے ایک روپیہ بلا محصول پر ملسکتی ہے

(۱۵) وکیل امرتسر مطبوعہ ۲۲ - جنوری سنہ ۱۹۰۴ء

گنج شایگان

مرتبہ سید محمد رفیع صاحب رضوی موہانی سابق ایڈیٹر رین گزٹ وغیرہ جسمین قدیم شاہان ایران سے لیکر آجتک کے دنیا بھر کی سلطنتون اور ریاستون وغیرہ کے طلائی ونقرئی ومسی سکونکے دونون رخون کا نقشہ - وزن کیفیت وغیرہ جملہ ضروری امور بیان کیئے گئے ہین - مولف موصوف نے واقعی ایک نئی اور ضروری علمی خدمت مین عرق ریزی وتحقیق کی ہے حجم ۲۲۲ صفحہ ہے . اور قیمت ۱؎ دفتر اخبار نیر اعظم مراد آباد سے ملے گی -

(۱۶) رسالہ ترقی لاہور مطبوعہ ۲۵ - نومبر سنہ ۱۹۰۳ء

گنج شایگان معروف بہ ٹکسال

یہ کتاب سید محمد رفیع صاحب رضوی نے تالیف کی ہے اور نیر اعظم مراد آباد مین

سید محمد رفیع صاحب رضوی مو ہانی نے قدیم شاہان ایران سے لیکر آجتک کی دنیا بھر کی بادشاہوں اور ریاستوں وغیرہ کے سونے چاندی تانبے وغیرہ کے سکوں کے دونوں رخوں کی تصویر مع حال وزن ماہیت تحریر کی ہے۔

(۲۱) اخبار مارننگ پوسٹ (انگریزی اخبار) دہلی

۲۹ - نومبر ۱۹۰۳ء

گنج شایگان یا ٹکسال

اس کتاب کو مولوی محمد رفیع صاحب رضوی سابق ایڈیٹر زین گزٹ اوناو نے حسب فرمائش مولوی ابن علیصاحب ایڈیٹر اخبار نیر اعظم مراد آباد مرتب کیا ہے۔ یہ نہایت عجیب اور مفید رسالہ سکوں اور انکی تاریخ کے بیان میں ہے اور ہر سکہ کے ساتھ لائق مؤلف نے محنت و جانفشانی کرکے اوسکی شکل بھی درج کردی ہے جس سے ناظرین کو سہولت کے ساتھ صورت کا بھی نظارہ ہوجاتا ہے۔ یہ کتاب اُردو میں اپنے طرز کی پہلی کتاب ہے اور اس سے دلچسپی کے ساتھ تاریخانہ معلومات میں بہت امداد ملی ہے۔

(۲۲) روہیلکھنڈ گزٹ بریلی - دسمبر ۱۹۰۳ء

گنج شایگان معروف بہ ٹکسال

اسمیں سلاطین یورپ و ایران شاہان ہند کے سکہ جات اور انکی مفصل کیفیت لکھی ہے۔ ہم سید محمد رفیع صاحب رضوی کی جانفشانی اور عرقریزی کی داد دیتے ہیں۔ فی الحقیقہ گنج شایگان اُردو زبان میں اپنے رنگ کی پہلی کتاب ہے۔ قیمت فی جلد ایک روپیہ۔ شائقین منشی ابن علیصاحب مالک اخبار نیر اعظم مراد آباد سے طلب فرمائیں۔

(۱۸) ذوالقرنین بدایون ۲۰ - نومبر ۱۹۰۳ء

گنج شایگان

بہت سے طبائع قدیم سکہ جات کو جمع کرنے کیطرف مائل ہوتے ہیں اور ہزاروں روپیہ ایسے سکہ جات کو جو نایاب ہیں جمع کرنے میں صرف کر دیا جاتا ہے - اس کتاب میں مختلف ولایات کے سکہ جات دونوں رخوں کی تصویر مع انکے الفاظ کے لکھے گئے ہیں - مؤلف نے نہایت محنت سے اس کتاب کو تیار کیا ہے -

(۱۹) اخبار عام لاہور ۲۹ - نومبر ۱۹۰۳ء

گنج شایگان معروف بہ کپال

اردو زبان میں یہ ایک نئی قسم کی کتاب خاص شوقینوں کے لئے ہے اور اسمیں مطلق شبہ نہیں ہے کہ اس کتاب کی تیاری میں اسکے مؤلف محمد رفیع صاحب رضوی عالی متوطن قصبہ سوہان ضلع اناؤ نے بہت ہی کچھ محنت اور مشقت صرف فرمائی ہے جن اصحاب کو دنیا کے مختلف ممالک کے مختلف اقسام سکوں انکی قیمت وزن ساخت اور صورت دیکھنے کا شوق ہو انکے لئے یہ کتاب اردو میں ایک ہی ہے جو آجتک شائع کیگئی - اس میں قدیم بادشاہان ایران سے لیکر آجتک کی دنیا بھر کی بادشاہتوں - ریاستوں وغیرہ کے سکوں کے دونوں رخوں کی تصویریں حالات - وزن - ماہیت اور سنہ وغیرہ درج ہیں - کئی سو مختلف سکوں کی تصویریں اس میں دیگئی ہیں اور دو سو صفحہ سے زیادہ کی کتاب ہے - یہ کتاب ایس این علی صاحب مالک و اڈیٹر اخبار نیر اعظم مراد آباد سے ایک روپیہ میں دستیاب ہو سکتی ہے -

(۲۰) پنجۂ فولاد لاہور ۲۷ - نومبر ۱۹۰۳ء

گنج شایگان معروف بہ کپال

(۲۵) سراج الاخبار جہلم ۱ - جنوری ۱۹۰۶ء

گنج شایگان

اس نام کی ۲۲۲ صفحہ کی ایک کتاب انجمن ترقی کے واسطے سید محمد رفیع صاحب رضوی آگائی
متوطن قصبہ بوہان ضلع اونا و ملک اوده سابق ایڈیٹر ہین گزٹ اوناو و اخبار گوہر بنگالا آگرہ
و منیجر مطبع تحفہ ہند اٹاوہ و مؤلف انشاء اوده نقد الحروف و تاریخ آصفجاہی و تاریخ بنارس
و تاج و نشان وغیرہ حال اہلکار مطبع سرکاری ریاست بھوپال نے تصنیف کی ہے
جسمین قدیم شاہان ایران سے لیکر آجتک کے دنیا بھر کے بادشاہوں ریاستوں
وغیرہ کے سونے چاندی و تانبے وغیرہ کے سکونکی ہر دو جانب کی تصویر مع حال و وزن
ماہیت تحریر ہی اور یہ بھی واضح کیا گیا ہے کہ فلان سکہ کہوٹا اور فلان مین اسقدر
کہوٹ ہی اور فلان سکہ متروک ہی اور ایرانی - انگریزی اور ہندی - عربی -
اوزان کا مقابلہ کر کے دکھایا ہی تا کہ کسی کو کسی سکہ کے لینے مین دہوکہ یا کسر نہ لگے
فاضل اور محقق مصنف کی یہ محنت قابل تعریف ہی اور ملک پر آپکا بہت بہاری احسان
ہی کہ یہ کتاب بیوپاریون ساہوکارون تاجرون سیاحوں - ساہوکارون - خاصکر
بنکون اور سرکاری خزانون کے لئے از بس مفید ہی - اس کتاب کے دیکھنے سے کوئی شخص
کبھی کہوٹا یا دہوکہ نہین کہا سکتا - امید کہ لوگ اسکی قدر ضرور کرینگے - لکھائی چھپائی کاغذ
اہتمام عمدہ ہی قیمت صرف ایک روپیہ ہی جو بمقابلہ محنت و لاگت کے کچھ بھی نہین -
مطبع اخبار نیر اعظم مرادآباد سے ملیگی -

(۲۶) اخبار معدن العلوم بریلی ۲۴ - نومبر ۱۹۰۶ء

گنج شایگان

اس کتاب لاجواب مین شاہان گذشتہ سی لیکر آجتک تمام دنیا کے بادشاہون -
راجون - نوابون جنکے سکے رائج تھے یا منہ زمانہ حال ہین سکونکے - چاندی -
تانبے وغیرہ کے مع تصویر و عبارت خواہ ایکرخہ یا دورخہ کندہ یا تحریر ہی -

(۲۳) رسالہ مخزن لاہور دسمبر سنہ ۱۹۰۱

گنج شائگان

آجکل پرانے سکوں کی تحقیقات کا بہت لوگوں کو شوق ہے۔ بعض انگریز اس شوق کو جنون کی حد تک لے گئے ہیں اور کوئی پرانا سکہ بہم پہونچا وے تو ٹلنے جو مانگے سو دے انکی بدولت بعض دیسی صاحبان بھی پرانے سکوں کے متلاشی رہتے ہیں جن لوگوں کو اس فن سے دلچسپی ہوگی وہ گنج شائگان کو جو دو سو صفحہ سے زیادہ کی ایک نادر کتاب ہے یقیناً نہایت خوشی سے خریدینگے۔ اسمیں قدیم وجدید سب سکوں کے نقش چھاپ دیے گئے ہیں اور انکی کچھ کیفیت بھی درج ہے نام بھی خوب موزوں سوجھا ہے۔ اور اس کتاب کے مواد جمع کرنے اور ترتیب دینے کی داد کے مستحق سید محمد رفیع صاحب موہانی سابق ایڈیٹر ریٖن گزٹ وحال اہلکار محکمہ سرکاری بھوپال ہیں اور اسکی چھپائی کا اہتمام ایس اے علی صاحب مالک اخبار نیر اعظم مراد آباد نے کیا ہے اور انہیں سے یہ کتاب مل سکتی ہے۔

(۲۴) رسالہ زمیندار کاشتکار بجنور ماہ نومبر سنہ ۱۹۰۳

گنج شائگان

اُردو زبان میں جو علوم وفنون اسوقت تک مدون ہو چکے ہیں یہ کتاب ان میں ایک خاص شعبہ تاریخی کا اضافہ کرتی ہے۔ اس میں دنیا کے نئے پرانے سکوں کا جہانتک لائق مؤلف سید محمد رفیع صاحب موہانی کو علم ہو سکا سب کے نقشے دیے ہیں اور بیشمار سکوں کی تعداد رو وسنت مع تاریخی حوالہ جات وقیمت ووزن وقسم دھات وعہد سلطنت وغیرہ درج ہیں حتی المقدور ہر طبقہ کے سلاطین کی بہی کی ہے۔ مؤلف کی تلاش ومحنت قابل داد ہے

۲۲۲ صفحہ قیمت عہ

بہت سی ضروری باتون کا پتہ لگتا ہی خصوصًا سکونکی وقعت محققین کی نظر مین تاریخی
مسودات سے بھی زیادہ ہوتی ہی اور وہ انپر غور کرکے لوگونکی دولتمندی تہذیب
اور شائستگی کا حال دریافت کر لیتے ہین - فرنگستان مین تاریخ کی یہ شاخ ایسی ضروری
مانی جاتی ہی کہ ہر سلطنت کے کتب خانون اور عجائب گھرون مین مختلف زمانون اور
ملکونکے سکّے جمع کیے گئے ہین اور سیکڑون کتابین انکے متعلق لکھی جاچکی ہین
بیسیون آدمی سکونکی تحقیق مین مصروف رہتے ہین - اور لاکھون روپیہ کے صرف
سے قدیم سکّے فراہم کرتے ہین - ایک ایک اشرفی روپیہ اور پیسہ کی قیمت اوسکی قدامت
اور تاریخی عظمت کے لحاظ سے ہزارون اور لاکھون تک پہونچ جاتی ہین اور شائقین مین
اوسپر قبضہ پانے کے لئے سخت مقابلہ ہوتا ہی - اہل فرنگ ہندوستان سے
لاکھون بزاسنے سکّے لیگئے اور کئی شخصون نے صرف انہین کی تجارت سے بہت کچھ
پیدا کرلیا مگر ہمین کچھ خیال نہوا - ہر جگہ کے عجائب خانہ مین سکونکی بڑی تعداد موجود ہی
لیکن کوئی ہندوستانی انسے کام نہین لیتا - دہلی - اجودھیا - اوجین اور آسام کے
کھنڈرون مین سے لوگون کو اب تک چھوٹے بڑے طلائی نقرئی سکّے پائے جاتے ہین مگر
چاندی سونے کے بھاو بک جانے کے سوا انکی کچھ قدر نہین ہوتی ایسی لاپروائی
و ناقدردانی کی حالت مین ہم جناب مولانا محمد رفیع صاحب رضوی غازی پوری متوطن قصبہ
موہان کی کدوکاوش اور مکرمنا الجناب منشی ابن علی صاحب مالک و اڈیٹر نیر اعظم مراد آباد
کی ہمت و کوشش کا شکریہ ادا کرینگے جو گنج شائگان کی تالیف و انطباع مین ان
صاحبان سے ظہور مین آئی - یہ کتاب واقعی اسم بامسمےٰ ہے جسمین عالیدماغ و باخبر
مؤلف نے سکون اور اوزان کی بابت بڑی عجیب و کارآمد معلومات فراہم کردی ہی
اول سکہ کے مفہوم پر بحث کی ہی اور اسکے چلن کی پوری تاریخ ابتدا سے موجودہ زمانہ تک کی
لکھی ہے پھر اسلامی سکہ درہم و دینار کی اصلی کیفیت بتائی ہی جس سے پایا جاتا ہی
کہ پہلا اسلامی سکہ عہد عبدالملک حسب الارشاد حضرت امام محمد باقر ۷۵ھ مین
مضروب ہوا جسپر قل ہو اللہ احد منقوش تھا - اسکے بعد لائق مؤلف نے ایران
و فرنگستان کے سیکڑون قدیم و جدید نقرئی و طلائی سکونکی صحیح تصاویر دی ہین
اور مختلف ممالک عالم کے سکّے ہوبہو حرف بحرف نقل کیے ہین - ہندوستان کے

کل حال۔ وزن مالیت وغیرہ کا تحریر کیا ہے سچ تو یہ ہی کہ اسکے مصنف نے کمال ہی کیا ہی۔ ناظرین خیال کریں کہ دنیا بھر کے سکے اکٹھے کرنا واقعی اسی کا کام تھا اس نایاب کتاب پر اشرفی روپیہ پیسہ سب قربان ہیں۔

(۲۷) تالیف و اشاعت لاہور مطبوعہ ۱۵ فروری ۱۹۰۴ء

گنج شائیگان

یہ ایک نہایت مفید کتاب ہی جسے منشی سید محمد رفیع صاحب رضوی عالی موہانی نے تصنیف کیا ہے۔ اسمیں قدیم زمانہ سی لیکر حال تک کے تمام بادشاہوں کے سکونکی تصویریں اور انکا حال درج کیا ہی۔ قدیم بادشاہان ایران خلفائے بغداد۔ سلاطین ہند و دیگر ممالک اسلامیہ و شاہان یورپ غرض جو جو سکے آجتک معلوم ہوئے ہیں ان سب کی تصویریں اور مختصر حالات اس کتاب میں درج کئے گئے ہیں۔

کتاب کی آغاز میں بطور مقدمہ اس امر کی تفصیل ہے کہ سکہ کا رواج کب سے چلا۔ اسلامی سکہ پہلے پہل کسنے جاری کیا۔ اسپر کیا الفاظ کندہ تھے۔ اپنا سکہ جاری کرنے کی خاص کیا ضرورت واقع ہوئی تھی۔ آنحضرت صلعم کے وقت میں کونسا سکہ جاری ہوا تھا۔ یورپ کے بعض محققین نے سکونکی جستجو میں عمریں صرف کردی ہیں اور انکی تمام عمر کی محنتوں کے ثمرلے ایسے ایسے عجائب خانجات میں جمع ہیں جہاں ہماری اہل وطن کی رسائی مشکل ہی۔ باہمت مصنف نے بڑی محنت و عرقریزی کا کام کرکے یورپ کی سالہا سال کی تحقیقاتوں کا نتیجہ اس عجیب کتاب کی شکل میں پیش کرکے بقول ریویو نویسان اردو لٹریچر میں نہایت مفید اضافہ کیا ہی۔ جن اصحاب کو اس مضمون سے دلچسپی ہو انہیں مختصر آگاہی حاصل کرنے کے لئے بیسیوں کتابوں کے پڑھنے کے بجائے صرف ایک کتاب گنج شائیگان کا پڑھ لینا کافی ہی۔ دو سو صفحہ سے زیادہ کی کتاب ہی اور ایک روپیہ کو مطبع نیر اعظم مراد آباد سے مل سکتی ہے۔

(۲۸) شیرلاہور مطبوعہ ۵ مارچ ۱۹۰۴ء

سکے اور اوزان تاریخ کا ایک عجیب شعبہ ہیں جنسے کسی زمانہ کے ملک اور قوم کی

وہ قابل تعریف ہے۔

(۳۰) ریویو گنج شایگان مصنفہ سید محمد رفیع صاحب رضوی عالی موہانی از المعتصم بذیل سید الابرار ضیاء الدین ابو الانوار نور الحسن نقوی سارنگپوری الماوی صاحب منح الجنی علی شرح الشمائل النبی و مہتمم گل رعنا بھوپال منقول از اخبار نیر اعظم مراد آباد

مطبوعہ ۱۹ – جون ۱۹۰۴ء

گو اس سے پہلے میرے لائق دوست سید محمد رفیع صاحب رضوی نے اور بھی چند مفید رسائل تالیف و تصنیف فرما کر پبلک کے سامنے پیش کئے ہیں جن میں سے ہر ایک اپنی روش اور خوبی میں پبلک کے نزدیک یکتا اور بے مثل ثابت ہو چکے ہیں اسلئے کہ خلقی عادت ہے ہمارے مہربان دوست کے دل و دماغ میں جدت پسندیدہ خیال سمایا رہتا ہے۔ چنانچہ تصریح الحروف جو اقسام خطوط انگشتی میں اس سے قبل آپکے قلم معجز رقم سے نکل چکی ہے وہ اپنے طرز اور فائدہ میں بے بہا ثابت ہوتی ہے۔ علی ہذا اکثر ممالک کی تاریخیں بھی نہایت تحقیق و بسط سے لکھی ہیں منجملہ انکی تاریخ اودہ و حیدرآباد و بھوپال اور بنارس بہت عمدگی اور بلا تعصب و تکلف لکھی گئی ہیں۔ ان سب کتابوں کی نسبت میں اپنی ناقص رائے قائم کر چکا ہوں۔ فی الحال سے مجھے منشی صاحب کے گنج شایگان پر بحث کرنا منظور ہے کہ یہ کتاب اپنی وضع میں ایک گنج گرانبہا ہے اس سے پہلے اکثر محقق مصنفین نے اس علم میں اپنی کوشش دکھلا کر کسیقدر حصہ لیا ہے مگر منشی صاحب عالی فطرت کی اس ہمت نے جو اسوقت میرے روبرو پیش ہے ان سب کو ردی میں ڈالدیا گویا وہ سلیٹ اور یہ رائج الوقت سنہرا سکہ ہے۔ یہ کتاب ۲۲۲ صفحہ پر تمام ہوئی ہے مصنف نے صفحہ دوم پر جو بعنوان "معنی سکہ" ایک مختصر مضمون لکھا ہے وہ اس مقدمہ خاص میں ایک اچھی تاریخی یادگار ہے۔ نیز صفحہ ۴ کے

بڑے بڑے راجاؤن مختلف خاندانون کے بادشاہون سلاطین خاندان مغلیہ تاجداران اودھ - دیسی ریاستونکی فرمانرواؤنکی بیشمار سکے بقید سنہ وحال درج کیے ہین اور ممالک غیر کے مسلمان سلاطین کے روپیہ - اشرفی کی کیفیت اور صورت دکہائی ہے - متعدد نقشی قدیم راجگان ہندوستان کے روپئے پیسون کے ہیں جو تاریخی مقامات کے کہنڈروں میں سے نکلے تھے - یادداشت مین اکثر ملکونکے سکہ جات رائج الوقت کا وزن اور قیمت بتائی ہے - جدول کے ذریعہ سے انگریزی کی ہندوستانی اوزان کی مطابقت دکہائی ہے -

ہندوستان کے موجودہ وقدیم اور انگلستان کے مروجہ حالی سکون اور اوزان کے جاننے لکھنے مین جنکی ہر شخص کو ضرورت پڑتی ہے - جیسی اوزان سے لوگون کو قدیم طب کے نسخون مین بڑی مدد ملیگی اور بحیثیت مجموعی یہ کتاب ہر اردو خوان کے لیے دلچسپ و کارآمد ثابت ہوگی - ہم گنج شایگان کو اردو زبان کی ایک بیش قیمت و قابل قدر تصنیف سمجھتے ہین جسکی مثال بد دقت ہنین مل سکتی - اسکی وقعت کا سیقدر اندازہ اس امر سے ہو سکتا ہے کہ ان محسن حامی اردو کے واجب الاحترام مسکروں کی جناب مولانا شبلی مدظلہم اور شمس العلما خان بہادر منشی ذکاء اللہ صاحب مدفیوضہم نے اسپر مؤلف کو مبارکباد دی ہے - موزون لکھائی مناسب چھپائی - معمولی کاغذ کے ۱۴ جزو کی قیمت ۱۲ معلوم گران نہین - شائقین دفتر اخبار نیر اعظم سے طلب کرین

(۲۹) زمانہ کانپور بابت ماہ جنوری ۱۹۰۸ء

گنج شایگان

ایک اور نئی تحقیقات کی کتاب نکلی ہے - اسکے مصنف سید محمد رفیع صاحب مونانی سابق ایڈیٹر رپن گزٹ بمبئی صاحب تحقیقات معلوم ہوتے ہین کیونکہ قدیم و جدید بہت قسم کے سکوں کی نسبت اونہون نے دلچسپ حالات مع لقشا دیے ہین پھر اسنے سکونکے جمع کرنے کا شوق تو اکثر لوگونکو ہوتا ہے - مگر حسن حسن لیاقت سے اونہون نے اپنی شوق کو چشمہ معلومات بناکر اہل ملک کو سیراب کیا ہے

پہلے کوئی کتاب ایسی جامع نہین لکھی گئی - اب مؤلف اسکا دوسرا حصہ نہایت سرعت
اور جانفشانی کے ساتھ ترتیب دے رہے ہین جو پہلے حصہ سے کہین زیادتی کے ساتھ
سکہ جات قدیم وجدید سے مزین ہوگا - مین دعا کرتا ہون کہ ایسے ریفارمران قوم کی عمر
اور اونکی وجاہت اور اہل دول کو قدردانی کا مادہ مبدۂ فیاض سے فطرۃً ایسا عطا فرمایا
جاوے کہ وہ اپنی اولوالعزمی سے روشن ضمیران قوم کی حمایت مین پوری فیاضی
دکھلاوین - آمین -

غرۂ ذیحجہ سنہ ۱۳۲۱ھ

سول اینڈ ملٹری نیوز لودیانہ مطبوعہ ۲۸ مارچ سنہ ۱۹۰۴ع

گنج شایگان معروف بہ ٹکسال

ہندوستان ایسی قصبیون سے الگ تھلگ ہے ورنہ ایسی نایاب کتب جسمین روی زمین کے
کل تخت نشینون کے وقتون کے سکے بجنسہ دکھلائے گئے ہین کہان مل سکتے ہین آج
لاکھون آدمی ایسے ہین جو رائج الوقت سکون سے بھی ناواقف ہونگے - اس صاحب ہمت
شخص کی محنت اور تلاش پر ہزار آفرین کہنا چاہیے جسنے ابتدا سے اسوقت تک روی زمین
کے گذشتہ و پیوستہ شاہان - راجاؤن - مہاراجون - نوابون اور یورپ و افریقہ -
امریکہ - عرب - ہند - ایران - غرض تمام ممالک اور درمیانی ریاستون کے سکے
دکھلائے ہین -

یہ کتاب بلحاظ دلچسپی کے لیے نہین ہے بلکہ محقق طبیعتون کے لیے نہایت مفید
و کارآمد شے ہے - اسکے ذریعہ قدیم بادشاہون کی بہت سی باتون کا پتہ مل سکتا ہے
یورپ مین ایسی کتب بیشمار شائع ہوتی ہین اور ہاتھون ہاتھ بک جاتی ہین نہین معلوم
اہل ہند اس کتاب کے ساتھ کیسا سلوک کرین - کتاب کے مفید اور دلچسپ ہونے مین
کلام نہین ہے اچھی بھاری کتاب ہے ۲۲۳ صفحہ مین لکھائی چھپائی کے لحاظ سے بھی اچھی ہے -
قیمت ایک روپیہ ہے اور اس کے مصنف محمد رفیع رضوی عالی متوطن موہان
ضلع اوناؤ ہین -

سہذ نگ" اسلامی سکہ درہم و دینار" کے عمدہ آرٹکل کو ہر علم دوست بڑی قدر کی
نظر سے دیکھیگا اسلئے کہ یہ بحث جو منشی صاحب نے عالمانہ طور پر اپنی کامل اور قابل
تحقیقات سے صفحہ ۱۲۳ تک لکھی ہے وہ عام کتابوں میں نہیں ہے۔ مضمون کے ملاحظہ سے
مصنف کی علمی لیاقت کا پورا پورا اندازہ ہوسکتا ہے اور یہ تحقیقات ایک مفید اور نہایت
کارآمد ثابت ہوئی ہے۔
سب سے پہلے شاہان ایران کے قدیم سکہ جات کی ہیئت دکھلائی گئی ہے جو غالباً
کسیطرح یہ نہ ثابت ہوسکی کہ کس زمانہ اور بادشاہ کے دارالضرب سے مضروب ہو کر وہ نکلے تھے
اسکی وجہ صرف یہی معلوم ہوتی ہے کہ گذشتہ مورخین اگر آج کی طرح اس تاریخی ضرورت پر نظر ڈالتے
اور اپنی تاریخوں میں شاہان عالم کے مروجہ و غیر مروجہ سکوں کو نقل کردیتے تو ایسی
عبرتناک صورت کا مقابلہ آج نہوتا کہ وہ بادشاہ جو اپنے عہد قلیل میں اسدرجہ
پہونچ چکے ہیں کہ سرای فانی کی نقش بر آب سلطنت پر دعوی خدائی کرنے بیٹھے تھے
مگر آج انکا کوئی نام لیوا بھی باقی نرہا۔ بس وہ سکے صرف شاہان ایران کے ہیں
جنکے یکرنگ خاکے دکھلائے گئے ہیں۔ ایران کے بادشاہوں میں سے صفحہ ۱۷ پر
اردشیر اول کا سکہ پہلے بتلایا گیا ہے اور صفحہ ۲۴ تک برابر شاہان فارس کے سکہ جات
کا ذکر کیا گیا ہے۔ آخر میں ناصرالدین قاچار شہنشاہ ایران اور ایک سکہ نظم علوم الاسم
درج ہے اور صفحہ ۲۴ سے شاہان یورپ میں اول سلطان محمود خان شہنشاہ روم کا سکہ ہے
اور آخر صفحہ ۲۷ میں ولیم شاہ انگلستان کا پیسہ ہے علی ہذا شاہان ہند و دیگر فرمانروایان
ماضی و حال کے رائج و غیر رائج سکہ جات کے خاکے اصلی شکلوں میں مع اوزان
نہایت خوبی سے درج ہیں۔ کتاب کی ترتیب میں اسوجہ سے پورا انتظام غالباً نہیں ہوا
کہ محقق مصنف کو جیسی جیسی اپنی تجسس میں کامیابی ہوتی گئی وہ بلا امتیاز ملکی اپنے
بے بہا خزانہ میں جمع کرتے رہے اور مسلسل طبع ہوتے رہے مصنف نے جو آخر کتاب میں
ایک جدول اوزان کی تشریحات میں درج کردی ہے وہ رفاہ عام کے لئے ایک
ضروری چیز ہے۔ بہرکیف ہمارے دوست نے جو حصہ اس کتاب کی تالیف میں ملک کی
صدہا ضروریات اور مشکلات کے حل کو لیا ہے وہ ایسا دلچسپ ہے کہ عام خیالات اسکی
داد دینے میں ہمزبان ہیں۔ اس علم خاص میں یہ کتاب بےمثل و بےنظیر ہے۔ اس سے

گنج شایگان

یہ اسم بامسمّے کتاب حال مین ہماری دیکھنے مین آئی ہی جسکو مولوی سید محمد سراج صاحب فنسغ رئیس قصبہ موہان ضلع اوناو ملازم مطبع بھوپال نے تالیف کیا ہی۔ اس مین تمام وتمالی قدیم اور جدید سکّی منقوش ہین۔ واقعی یہ کتاب اُردو زبان مین جدید ہی اور اس سے پہلے اُردو مین کوئی کتاب نہ تھی۔ مؤلف نے ابتدا مین سکہ کے معنی اور سکہ کے تاریخی حالات نہایت قابلیت اور تحقیقات سے لکھے ہین۔ اسکی علاوہ ایک اور کتاب مسمّی بہ تاج ونشان مؤلف موصوف نے شائع کی ہی۔ اس مین تمام دنیا کے شاہون کے تاج اور نشان کی تصویرین اور حالات درج کئے ہین جو دیکھنے اور پڑھنے کے لائق ہین۔

یہ قصبہ جسمین سکونت کا فخر مؤلف کو حاصل ہی اسمین پہلے بھی اہل علم و فضل گذری ہین۔ اور طبابت کے لحاظ سی تو موہان خطۂ یونان مشہور چلا آتا ہی مگر اس زمانہ میز مؤلف موصوف اور اونکی بھائی سید شبیر حسن فوٹوگرافر نے اس قسم کی علمی تحقیقاتو نمین ایک خاص ملکہ پیدا کر رکھا ہی اودہ کی قصبون مین سید شبیر حسن ہی ایک ایسے شخص ہین جنہون نے فوٹوگرافی مین لیاقت پیدا کی اور اس فن کو رواج دیا ہماری کتاب مسمّی بہ نیرنگ افغان یعنی قومی اور ملکی تاریخ افغانستان جو عنقریب شائع ہونیوالی ہی اس مین اعیان کی عکسی تصویرین بڑی آب وتاب سے لگائی گئی ہین جنکے دیکھنے سے اونکی استادی اور لیاقت قابل تعریف ہی۔

اب ہم اس گنج شایگان سے وہ گوہر شاہوار اور لآلی آبدار یعنی اشعار جو سلاطین ماضیہ کی سکون پر مضروب اور منقوش ہین اونکو منتخب کر کے درج کرتے ہین تاکہ اون کو پڑھکر ناظرین کو حظ روحانی حاصل ہو مگر قبل اندراج ان اشعار کی ہم یہ بھی ظاہر کرنا چاہتے ہین کہ زمانہ حال کے شاہان یورپ کے سکون مین اشعار کا مضروب ہونا متروک کر دیا گیا ہے۔ صرف معمولی طور پر سنہ وغیرہ مضروب ہوتے ہین اور پس حالانکہ اشعار کا مضروب اور منقوش ہونا اوس زمانہ مین اسواسطے اختیار کیا گیا تھا کہ بادشاہون کا دبدبہ اور شوکت وشان سکون کی دیکھنے سے بھی ہر شخص کو

(۳۲) ایڈیٹر صاحب اخبار مفید عام آگرہ

گنج شائگان معروف بہ ٹکسال

یہ کتاب جناب منشی سید محمد خان رفیع صاحب رضوی عالی نے مرتب کی ہے جسمیں تمام روی زمین کے درہم و دینار اور ہر قسم کے نئے پُرانے سکونکی تصویریں جمع کرنے کی کوشش کیگئی ہے اِسس کتاب سے اُردو زبان کے کتب خانہ میں اچھا اضافہ ہوا ہے ۲۲۲ صفحہ کی کتاب ہے اور قیمت ایک روپیہ ہے۔

(۳۳) اخبار تحفہ سرحد بنوں

گنج شائگان معروف بہ ٹکسال

یہ کتاب سید محمد رفیع صاحب رضوی عالی نے انجمن ترقی اُردو کے لئے تالیف کی ہے اور دفتر ناظر اعظم مراد آباد سے چھپکر شائع ہوئی ہے۔ اُردو زبان کے لئے یہ ایک نئی کتاب ہے اور اُردو کتب خانوں کے لئے نیا سرمایہ۔ اس کتاب سے پہلے ہمارے خیال میں کوئی اُردو زبان میں ایسی نہیں لکھی گئی۔ اگرچہ انگریزی میں بہت سی کتابیں موجود ہیں ہماری دلی خواہش ہے کہ تعلیم یافتہ پارٹی اس کتاب کو خریدکر لطف اُٹھائے کیونکہ علاوہ اسکولونکی عام واقفیت کی تاریخی حیثیت سے بھی یہ کتاب لاجواب اور قابل قدر ہے۔ اسکے ذریعہ کئی ایک بادشاہتوں اور شاہی خاندانوں کا پتہ ملتا ہے کہ جنکا کسی تاریخ میں بھی ذکر نہیں ہے۔ حجم ۲۲۰ صفحہ قیمت ایک روپیہ

نوٹ گنج شائگان کا دوسرا حصہ زیر طبع ہے اسکے تیار ہوجانے پر ایک جامع اور مکمل کتاب ہوگی۔

(۳۴) اودھ اخبار لکھنؤ مطبوعہ ۱۸- نومبر ۱۹۰۴ء مطابق ۹- رمضان ۱۳۲۲ھ

باب اول

خلفائے بنی امیہ کے سکے

(۱) (طلائی)

(۲) (طلائی)

(۳) (طلائی)

منشی صاحب کی تحقیق اونکی محنت اور جانفشانی ضرور قابل داد ہی۔ ہمیں بھی پرانی سکہ جات جمع کرنے کا شوق ہی اور ہم ہی جان سکتی ہیں کہ بعض بعض کی نقوش کے پڑھنے اور سمجھنے میں کسقدر دردسری برداشت کرنی پڑتی ہی۔ اُردو زبان میں ایسی مفید اور نادر کتابوں کا شائع ہونا لائق فخر ہی۔ قیمت ایکروپیہ اسکی قابل قدر مضامین کے مقابلہ میں کچھہ بھی نہیں۔

(۳۵) مشیر دکن حیدرآباد دکن مطبوعہ ۸۔ مارچ سنہ ۱۹۰۵ء غرہ محرم سنہ ۱۳۲۳ھ

۵۔ اُردو ہی ہشت ۱۳۱۴ف چارشنبہ (گنج شائگان)

